© rasailojaraid.com



ادارہ نورِحق، ۵۰۳- قائدین کالونی نزد اسلامیہ کالج، کراچی۔ فون: ۰۲۱-۳۴۹۱۵۳۶۱۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: درج نہیں۔[مسلمانوں کی نشاتِ ثانیہ اور احیاے اسلام کی عالمی تحریک کا مختصراً تذکرہ۔ بالخصوص بیسویں صدی میں مولانا مودودیؒ نے جس طرح سے مغربی تہذیب کا سحر توڑا، اسلام کو ایک نظامِ حیات کی حیثیت سے پیش کیا، اور مغلوب مسلمانوں کو احیاے اسلام اور فریضۂ اقامت دین کی جدوجہد کے لیے ترغیب دی، ان مساعی کا اجمالی جائزہ۔ جماعت اسلامی کا قیام، تاریخی جدوجہد کے سنگ ہاے میل اور خدمات کے ساتھ ساتھ سید مودودیؒ کی شخصیت و کردار، افکار ونظریات اور لٹریچر کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ 'سید مودودیؒ ___ ماہ و سال کے آئینے میں' کے تحت سوانحی خاکہ اور شجرۂ نسب بھی دیا گیا ہے۔ اگر ان کی کتب کی فہرست بھی دے دی جاتی تو مفید ہوتا۔ اپنے موضوع پر جامع اور مختصر تحریر۔]

⊙ **سنو پیاری بیٹی!**، رزینہ عالم خان۔ ناشر: عکاس پبلشرز، ملنے کا پتا: ۱-گولف روڈ، راولپنڈی کینٹ، راولپنڈی۔ فون: ۰۳۰۰-۸۵۵۶۷۷۶۔ صفحات: ۱۹۵۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔[ہمارے معاشرے میں گھر ٹوٹنے کے واقعات جس تیزی سے عام ہو رہے ہیں، اس کے سدّباب کے لیے خواتین کو ہلکے پھلکے انداز میں مختصر اور بامقصد ہدایات دل چسپ اور عام فہم انداز میں پیش کی گئی ہیں، مثلاً آرایش و زیبایش، گفتگو، گھرداری، سسرالی رشتوں سے تعلقات، بچوں کی تربیت اور آخر عمر کے تقاضوں کے پیشِ نظر عملی مشورے، تاہم قیمت کچھ زیادہ ہے، سستا اڈیشن بھی ضروری سمجھا جائے تاکہ عام اہلِ وطن کے ہاتھ میں پہنچے۔]

⊙ **مطالعہ اور امتحان کی تیاری**، محمد بشیر جمعہ۔ ناشر: ٹائم مینجمنٹ کلب، دکان نمبر ۲۶۸، فرسٹ فلور، انٹرنیشنل سنٹر بالمقابل زینب مارکیٹ، ۲۶۸-آر، اے لائنز، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی- ۷۵۵۳۰۔ فون: ۰۳۲۳-۲۹۸۷۶۳۸۔ صفحات: ۱۱۷۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔[مطالعہ اور امتحان کی تیاری جہاں ضرورت ہے وہاں ایک فن ہے۔ امتحان میں کامیابی جہاں حافظے، ذہانت اور محنت کی مرہونِ منت ہوتی ہے وہیں فطری صلاحیتوں، حالات و واقعات اور توجہ، اعتماد، معلومات کو بہتر طریق اور مؤثر طور پر پیش کرنا امتحان میں کامیابی کی ضمانت بن جاتا ہے۔ معروف صلاح کار بشیر جمعہ نے طلبہ میں ذوقِ مطالعہ کی ترغیب، مؤثر مطالعے، نیز امتحان کی تیاری اور پلان کے لیے سائنٹی فک انداز میں رہنمائی دی ہے۔ آخر میں دعائیں، اذکار، وظائف اور ۱۰ مختلف گوشوارے بھی شامل ہیں۔ اساتذہ اور طلبہ کے لیے یکساں مفید۔]

⊙ **ماہنامہ شاہراہِ تعلیم** (سکول اسمبلی نمبر)، مدیر: طارق محمود۔ ملنے کا پتا: پوسٹ بکس نمبر ۹۱۵۸، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۴۱۷۰۱۱۔ صفحات: ۹۰۔ قیمت (اشاعت خاص): ۶۰ روپے۔[بچوں کی تعلیم و تربیت میں سکول اسمبلی (صباحی اسمبلی) اہم کردار ادا کرتی ہے۔ شاہراہِ تعلیم کی اشاعتِ خاص کے ذریعے اسکول اسمبلی کی اس روایت کو آگے بڑھانے اور مؤثر بنانے کے لیے مفید رہنمائی دی گئی ہے۔ مختلف ممالک میں سکول اسمبلی کی روایت، کلاس روم اسمبلی کا تصور، سکول اسمبلی کے مفید تجربات، معروف شخصیات کے تاثرات اور یادیں، اور اس موضوع پر معاون کتب اور ویب سائٹس کا تعارف بھی شاملِ اشاعت ہے۔ ایک اہم اور منفرد موضوع پر عمدہ لوازمہ اور خوب صورت پیش کش۔]

© rasailojaraid.com